

# 14- میں یہاں، آپ کہاں؟



بشریٰ جماعت سوم کی طالبہ ہے۔ بشریٰ کی جماعت میں، رحیم، ریشما، سلیم کے علاوہ بہت سارے طلبا بھی ہیں۔ وہ سب بینچوں پر قطار میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ آیئے ان کی جماعت کا مشاہدہ کریں !




SCERT TELANGANA






یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

■ پہلی قطار میں کون بیٹھے ہیں ؟

■ آخری قطار میں کون بیٹھے ہیں؟


■ درمیانی قطار میں کون بیٹھے ہیں؟

درج ذیل جدول میں دیئے گئے نام پڑھئے۔ ان کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں کون کون ہیں لکھیے ؟

| طالب علم کا نام | آگے | پیچھے | دائیں | بائیں |
|---|---|---|---|---|
| بشریٰ | | | | |
| مسرت | | | | |
| اِسمٰعیل | | | | |
| رحیم | | | | |



بشریٰ کی کمرہ جماعت کا آپ نے مشاہدہ کیا۔ بشریٰ کی جماعت میں کون کہاں بیٹھتے ہیں اپنے دوستوں سے مباحثہ کر کے اُن کے نام ذیل کی تصویر میں لکھئے؟








یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA



بشریٰ کی کمرہ جماعت میں کون کہاں بیٹھے ہیں آپ ان کے مقام لکھ چکے ہیں! آپ کی جماعت میں کتنے بچے ہیں۔ وہ کہاں بیٹھتے ہیں کیا آپ اُن کی نشاندہی کر سکتے ہیں؟ ذیل کی چار دیواری کو اپنا کمرہ جماعت تصور کیجیے۔ اب اپنی جماعت کا مشاہدہ کیجئے اور بتائیے کہ





- تختہ سیاہ کہاں ہے ؟
- کرسی کہاں ہے؟
- میز کہاں ہے؟
- پہلی قطار میں بیٹھے طلبا کے نام بتائیے۔
- دیگر قطاروں میں بیٹھے طلباء کے نام بتائیے۔

اپنی جماعت میں بیٹھے طلباء کے نام اور ان کے مقام آپ لکھ چکے ہیں۔


آیئے اب بشریٰ کے اسکول کا مشاہدہ کریں گے !






SCERT TELANGANA

کیا آپ جانتے ہیں، بشریٰ کے اسکول کی عمارت اس طرح بھی اُتاری جاسکتی ہے۔آیئے اسکول کا نقشہ دیکھیں۔



اسکول کے نچلے حصے میں سات کمرے اور پہلی منزل پر بھی سات کمرے ہیں۔اسکول کے احاطے میں آٹھ ناریل کے درخت ہیں۔تصویر میں بتائی گئی علامتوں کے مطابق ہم اسکول کی عمارت اتار سکتے ہیں۔تو بتایئے کہ پھر آپ کے اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ اسکول کے احاطہ میں کون سے درخت ہیں؟ کتنے درخت ہیں؟

- اپنے اسکول کے نقشہ کو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر اُتاریئے۔
- نقشہ اُتارنے سے قبل درختوں کے نشان قائم کرلیجیے۔
- کمرہ جماعت میں جہاں کہیں دروازے ہوں اُسے درجہ بالا تصویر میں بتائے گئے طریقہ پر اُتاریے۔
- اسکول کی سرحدی دیوار، داخلی دروازہ اور جھنڈے کا مقام وغیرہ کی نشاندہی کیجئے اور علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے نقشہ اتاریئے۔تصویر میں نشانات لگایے۔








یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

آیئے معلوم کرتے ہیں کہ بشریٰ کے گاؤں میں کونسی چیزیں موجود ہیں؟ ذیل کا نقشہ دیکھ کر بتائیے کہ وہ گھر سے اسکول کو جس راستہ سے بشریٰ گذرتی ہے اس راستہ میں کونسی چیزیں دکھائی دے رہی ہیں اور اپنے دوستوں سے مباحثہ کیجیے :




- اسکول سے قریب کس کا گھر ہے؟ بشریٰ کا یا ریشما کا ؟
- بشریٰ کے گھر سے پارک کے راستے میں اسکول جاتے وقت کونسی چیزیں راستہ میں دکھائی دیتی ہیں؟
- بشریٰ کن راستوں سے اسکول جا سکتی ہے لکیریں کھینچ کر بتائیے؟






یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA


نقشے میں پائے جانے والے، اسکول، مکانات، دواخانہ، پارک بورویل وغیرہ کو جوں کا توں بتانا ممکن نہیں ہوتا اس لئے انہیں علامتوں سے ظاہر کرتے ہیں۔



## دی گئی علامتوں کے ذریعہ بشریٰ کے گاؤں کے نقشہ میں کونسی چیزیں کہاں واقع ہیں، بتایئے:




آپ نے بشریٰ کے گاؤں کا نقشہ دیکھا اس نقشہ میں علامتیں استعمال کی گئی ہیں۔ کیا آپ اپنے گھر سے اسکول تک کے راستہ کو نقشہ میں ظاہر کر سکتے ہیں۔ ذیل کی ہدایتوں پر عمل کیجیے۔

- سب سے پہلے اپنے اسکول کی نشاندہی درمیان میں کیجئے۔ اُسے علامت (S) سے ظاہر کیجیے۔
- اپنے گھر کو اس علامت  سے ظاہر کیجیے۔
- اپنے دوستوں کے مکانات کی بھی نشاندہی کیجیے انہیں بھی علامتوں سے ظاہر کیجیے۔
- آپ کے مکان سے اسکول تک کے راستہ کی نشاندہی کیجیے۔
- اسی طرح آپ کے دوستوں کے گھروں سے بھی اسکول تک کے راستہ کی نشاندہی کیجیے۔

(اُتاریئے) :




SCERT TELANGANA

اپنے گھر سے اسکول کے راستہ میں بائیں اور دائیں جانب کیا ہے تمام کا مشاہدہ کیجئے۔

اگر درخت ہوتو کا نشان لگا یے۔ مندر ہوتو کا نشان لگا یے۔

مسجد ہوتو کا نشان لگا یے۔ چرچ ہوتو کا نشان لگا یے۔

پوسٹ آفس ہوتو (PO) کا نشان لگا یے۔ دواخانہ ہوتو کا نشان لگا یے۔

اور چمن ہوتو نشان لگا یے۔

آپ نے اپنے گھر سے اسکول تک روڈ میپ اتار سکتے ہیں! اسی طرح اپنے گاؤں کا نقشہ اتاریئے۔ اس طرح ہم گاوں کے مختلف نقشے بھی علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے اتار سکتے ہیں۔

## کلیدی الفاظ

1. نقشہ
2. علاقہ
3. علامتیں
4. آگے پیچھے
5. راستہ

## ہم کیا سیکھ چکے ہیں :

- کمرہ جماعت' اسکول' گلی' گاؤں/محلّہ وغیرہ کے نقشے اُتار سکتا ہوں — ہاں/نہیں
- نقشہ میں اسکول، دواخانہ، چمن وغیرہ کو علامتوں سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ — ہاں/نہیں
- ایک مقام سے دوسرے مقام جانے کے لئے علامتیں مددگار ہوتی ہیں۔ — ہاں/نہیں

**یہ کیجئے :**



### تصورات کی تفہیم :


1. اپنے مکان سے اسکول کے راستے میں سڑک کے دائیں اور بائیں جانب کون سے مقامات ہیں؟

- دائیں جانب--------------------- بائیں جانب---------------------

2 اپنے گھر کے اطراف کس کے مکانات ہیں بتایئے اور لکھئے۔

| دائیں جانب | بائیں جانب | آگے کی جانب | پیچھے کی جانب |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | |







SCERT TELANGANA



## نقشہ جاتی مہارتیں :





### 1. نقشہ دیکھئے ۔

...... علامتوں کی بنیاد پر رحیم کے گاؤں میں کیا ہیں بتایے؟

...... رحیم کے مکان سے دواخانہ جانے کے راستہ کی نشاندہی کیجیے ؟

...... رحیم کے مکان سے اسکول جانے کے مختلف راستوں کی نشاندہی کیجئے۔



## معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں۔منصوبہ کام :

اپنے گاؤں/محلّہ میں کیا کیا ہیں ان کی تفصیلات اکٹھا کیجیے۔پوسٹ آفس' اسکول' مندر' بنک' راشن کی دکان' دواخانہ وغیرہ ہرایک کے لئے ایک علامت مختص کیجیے۔اپنے گاؤں/محلّہ کے راستے اور سڑک اُتاریئے۔کونسی چیز کہاں ہیں علامتوں سے نقشہ میں بتایئے۔اپنے گاؤں کا نقشہ اتاریئے۔یہ مقامات بچوں کی مدد کرنے میں کس طرح کے افعال انجام دیتے ہیں ان نکات کی فہرست تیار کیجئے۔



## سوال کیجیے:

بشریٰ اوران کے تمام ساتھی گاؤں کا نقشہ اُتارنا چاہتے ہیں۔اس کے لیے وہ سب اپنے ٹیچر کے پاس گئے۔وہ اپنے ٹیچر سے مختلف سوالات کئے۔اُسی طرح آپ اپنے گاؤں/گلی کا نقشہ اُتارنے کے لئے ٹیچر سے کون کونسے سوالات کریں؟ سوالات لکھئے؟

2. ایسے کون سے دیگر حالات ہوں گے جس میں آپ اپنے ٹیچر کی مدد لوگے؟





## میں یہ کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

| | |
|---|---|
| ❍ میں نقشہ پڑھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ نقشہ میں بتائی گئی علامتوں کو سمجھ سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ گھر سے اسکول تک کے راستے کا نقشہ اُتار سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ کمرہ جماعت' اسکول کے نقشے اُتار سکتا ہوں | ہاں/نہیں |
| ❍ نقشہ اُتارنے سے متعلق سوالات کرسکتا ہوں۔ | ہاں/نہیں |








یہ درسی کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کیلئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA